سوال

(502) مقتدی آمین کب کہے؟

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

جو آدمی امام کے پیچھے سورۃ فاتحہ پڑھتا ہے وہ آمین کب کہے گا؟ اپنی سورت فاتحہ کے آخر میں یا پھر جب امام اپنی سورۃ فاتحہ ختم کرے گا تب یا پھر دونوں بار؟

الجواب بعون الوهاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

مقتدی دو بار آمین کہے۔ اوّلاً امام کے ساتھ آمین کہے، تاکہ حدیث

'إِذَا أَمَّنَ الإِمَامُ فَأَمِّنُوا' "سنن أبي داود، بَابُ التَّأْمِينِ وَرَاءَ الْإِمَامِ، رقم: ٩٣٦"

یعنی ''جب امام آمین کہے۔ پس تم بھی آمین کہو۔'' پر عمل ہوسکے۔ ثانیاً دیگر احادیث جن میں دعا کے اخیر میں (آمین) کی ترغیب وارد ہے، ان کی بناء پر سورہ فاتحہ بھی چونکہ دعا ہے، اس لیے اس کے اختتام پر بھی (آمین) کہی جائے۔ (مشکوٰۃ، باب القراءۃ فی الصلوٰۃ)

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ حافظ ثناء اللہ مدنی

کتاب الصلوٰۃ: صفحہ: 426

محدث فتویٰ